# نحنُ انصاراللہ



مَثَلُ الَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ
حَبَّۃٍ اَنۡۢبَتَتۡ سَبۡعَ سَنَابِلَ فِیۡ کُلِّ سُنۡۢبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ ؕ
وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ

(البقرة: 262)

© www.pexels.com

جون 2026ء، ذی الحجّہ، محرم 48-1447ھ، احسان 1405ہش
www.nahnuansarullah.ca

**نگران**

شاہد منصور صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

**مدیرِ اعلیٰ**

سہیل احمد ثاقب نائب صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

**مینیجر**

محمد موسیٰ قائد اشاعت مجلس انصار اللہ کینیڈا

**مدیران**

غلام مصباح بلوچ قائد تربیت و نائب صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا،
امتیاز احمد سراء، معتز القزق

**معاونین**

کاشف بن ارشد نائب قائد اشاعت مجلس انصار اللہ کینیڈا،
مسعود احمد نائب قائد اشاعت مجلس انصار اللہ کینیڈا


# خصوصی دعاؤں کی تحریک

امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے ایک رؤیا کی روشنی میں احباب جماعت کو خصوصی دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا: اگر احباب جماعت مندرجہ ذیل دعاؤں کا ورد کریں گے تو ایک محفوظ قلعے میں محفوظ ہو جائیں گے جہاں شیطان کبھی داخل نہیں ہوسکتا۔ اس قلعے کی دیواریں لوہے کی ہیں اور آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ پس کوئی سوراخ ایسا نہیں رہے گا جہاں سے شیطان حملہ کر سکے۔

نمبر 1: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیمِ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

ہر بڑا فرد جماعت 200 دفعہ روزانہ پڑھے۔

15 سے 25 سال کے ممبران جماعت (کم از کم) 100 دفعہ روزانہ پڑھیں

بچے (کم از کم) 33 دفعہ روزانہ پڑھیں - چھوٹی عمر کے بچے تین، چار دفعہ روزانہ (والدین پڑھائیں)

نمبر 2: استغفار (اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّي مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ)-

100 دفعہ روزانہ

حضور انور نے فرمایا: اسی طرح میں یہ بھی شامل کرتا ہوں

نمبر 3: رَبِّ کُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِي وَانْصُرْنِي وَارْحَمْنِي

100 دفعہ روزانہ

حضور انور ایدہ اللہ نے مزید فرمایا: ان دنوں میں جبکہ شیطان ہر حیلے سے بحیثیت جماعت بھی اور مجموعی طور پر ہمارے پر حملے کرنے کی کوشش کر رہا ہے، عمومی طور پر دنیا میں بھی اس سے بچنے کے لیے ایک ہی ذریعہ ہے کہ خاص طور پر دعاؤں پر زور دیں اور صرف جلسے کے دنوں میں نہیں بلکہ ہمیشہ کے لیے یہ درود شریف اور ذکر الٰہی، یہ ورود اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیں اور اس پر ہر ایک کو، بچے کو، بڑے کو، عورت کو، مرد کو، سب کو توجہ دینی چاہیے۔

(خطبہ جمعہ 23 اگست 2024)


بین الاقوامی اشاعت حوالہ نمبر ISSN 2560-886X (Print) ISSN 2560-8878 (Online)



رابطہ : editor@ansar.ca / ishaat@ansar.ca / Tel: 905-417-1800

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فہرست مضامین




01 قال اللہ عزّ وجل



02 قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم



03 کلام المہدی علیہ السلام



04 کلام الامام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز



05 فارسی منظوم کلام
حضرت مسیح موعود علیہ السلام



06 مبلغین احمدیت
قسط دوم آخر
حضرت مولانا غلام حسین ایاز صاحب مبلغ سلسلہ سنگاپور



10 سید القوم خادمھم
ڈاکٹر بشارت الٰہی جمیل



13 مجلس انصار اللہ
وان نارتھ ایسٹ
کا لوکل اجتماع کا انعقاد



16 زاوية العرب




# قال اللہ عزّ وجل

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۲﴾

(سورۃ البقرۃ آیت نمبر 262)

ترجمہ بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع:

ان لوگوں کی مثال جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ایسے بیج کی طرح ہے جو سات بالیں اُگاتا ہو۔ ہر بالی میں سو دانے ہوں اور اللہ جسے چاہے (اس سے بھی) بہت بڑھا کر دیتا ہے۔ اور اللہ وسعت عطا کرنے والا (اور) دائمی علم رکھنے والا ہے۔

تفسیر: حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ فرماتے ہیں:

”وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ۔ بعض مقام پر ایک کے بدلہ دس اور بعض میں ایک کے بدلہ سات سو کا مذکور ہے۔ یہ ضرورت، اندازہ، وقت و موقع کے لحاظ سے فرق ہے۔... رابعہ کا ایک قصہ لکھا ہے کہ ان کے گھر میں بیس آدمی مہمان آ گئے گھر میں صرف دو روٹیاں تھیں آپ نے اپنی جاریہ سے کہا۔ جاؤ کہ یہ فقیر کو دے دو۔ اس نے دل میں کہا کہ زاہد عابد بیوقوف بھی پرلے درجے کے ہوتے ہیں دیکھو گھر میں مہمان ہیں اگر انہیں ایک ایک ٹکڑہ دے تو بھی بھوکے رہنے سے بہتر ہے اور ان مہمانوں کو یہ بات بری معلوم ہوئی لیکن وہ نہیں جانتے تھے کہ رابعہ کا کیا مطلب ہے۔ تھوڑی دیر ہوئی تو ایک ملازمہ کسی امیر عورت کی 18 روٹیاں لائی۔ رابعہ نے انہیں واپس دے کر فرمایا کہ یہ ہمارا حصہ ہرگز نہیں۔ واپس لے جاؤ۔ اس نے کہا نہیں، میں بھولی نہیں۔ مگر رابعہ نے یہ اصرار کیا کہ نہیں یہ ہمارا حصہ نہیں۔ ناچار وہ واپس ہوئی۔ ابھی دہلیز میں قدم رکھا ہی تھا کہ مالکہ نے چلا کر کہا کہ تو اتنی دیر کہاں رہی۔ یہ تو دو قدم پر اس کا گھر ہے۔ ابھی تو رابعہ بصری کا حصہ پڑا ہے چنانچہ پھر اسے بیس روٹیاں دیں جو وہ لائی تو آپ نے بڑی خوشی سے لے لیں کہ واقعی یہ ہمارا حصہ ہے۔ اس وقت جاریہ اور مہمانوں نے عرض کیا کہ ہم اس نکتہ کو سمجھے نہیں۔ فرمایا۔ جس وقت تم آئے تو میرے پاس دو روٹیاں تھیں۔ میرے دل میں آیا کہ آؤ پھر مولیٰ کریم سے سودا کر لیں اس وقت میرے مطالعہ میں یہ آیت تھی مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا اس لحاظ سے دو کی بجائے بیس آنی چاہیے تھیں۔ یہ اٹھارہ لائی تو میں سمجھی کہ میں نے تو اپنے مولیٰ سے سودا کیا ہے وہ تو بھولنے والا نہیں۔ پس یہی بھولی ہے۔ آخر یہ خیال سچ نکلا۔ یہ بات واقعی ہے کہانی قصہ نہیں۔ میں نے خود بارہا آزمایا ہے۔ مگر خدا کا امتحان مت کرو۔ اُس کو تمہارے امتحانوں کی کیا پرواہ ہے۔ خدا کے قول کا علم عام کھیتی باڑی سے ہو سکتا ہے۔ بیج ڈالا جاتا ہے تو اس کے ساتھ کیڑے کھانے کو موجود، پھر جانور موجود، پھر ہزاروں بلائیں ہیں، ان سے بچ کر آخر اس دانے کے سینکڑوں دانے بنتے ہیں۔ اسی طرح جو خدا کی راہ میں بیج ڈالا جاوے وہ ضائع نہیں جاتا۔

اب اس سوال کا جواب تو ہو گیا کہ کیوں دے؟ اب بتاتا ہے کس طرح دے؟ اول تو یہ کہ محض اِبْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ دے۔ احسان نہ جتائے۔ بعض لوگ ملاں کو کہتے ہیں ہماری روٹیوں کا پلا ہوا۔ تو یہ حد درجہ کی سفاہت و کمینگی کی بات ہے۔ دوم کسی کو تکلیف نہ دے۔“

(ضمیمہ اخبار بدر قادیان جلد 8 نمبر 28 مورخہ 20 مئی 1909ء صفحہ 49) (حقائق الفرقان جلد اول صفحہ 609 تا 610)



# قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ ، يَقُولُ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، يَقُولُ :'' كُلُّ امْرِئٍ فِي ظِلِّ صَدَقَتِهِ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ''

(مسند احمد بن حنبل مسند عقبہ بن عامر جلد 5 صفحہ 89، ایڈیشن 1998ء)

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن حساب کتاب ختم ہونے تک انفاق فی سبیل اللہ کرنے والا اللہ کی راہ میں خرچ کیے ہوئے اپنے مال کے سائے میں رہے گا۔

تشریح: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں:

''اللہ کی راہ میں اپنے پاک مالوں سے خرچ کریں حضرت عقبہ بن عامر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن حساب کتاب ختم ہونے تک انفاق سبیل اللہ کرنے والا اللہ کی راہ میں خرچ کئے ہوئے اپنے مال کے سایہ میں رہے گا۔ (مسند احمد بن حنبل)

لیکن شرط یہ ہے کہ یہ خرچ کیا ہوا مال پاک ہو، پاک کمائی میں سے ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سے اتنے اجر اگر لینے ہیں اور اپنے مال کے سائے میں رہنا ہے تو گند سے تو اللہ تعالیٰ ایسے اعلیٰ اجر نہیں دیا کرتا۔ اور جن کا مال گندہ ہوا ایسے لوگ اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرنے والے نہیں ہوتے اور اگر کہیں خرچ کر بھی دیں اگر لاکھ روپیہ جیب میں ہے اور ایک روپیہ نکال کر بھی دیں گے تو سو آدمیوں کو بتائیں گے کہ میں نے نیکی کی ہے۔ لیکن نیک لوگ، دین کا درد رکھنے والے لوگ، جن کی کمائی پاک ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور پھر کوشش یہ ہوتی ہے کہ کسی کو کانوں کان خبر بھی نہ ہوا اور اللہ تعالیٰ بھی ان کی بڑی قدر کرتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آتا ہے کہ:

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک کھجور بھی پاک کمائی میں سے اللہ کی راہ میں دی۔ اور اللہ تعالیٰ پاک چیز کو ہی قبول فرماتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کھجور کو دائیں ہاتھ سے قبول فرمائے گا اور اسے بڑھاتا چلا جائے گا یہاں تک کہ وہ پہاڑ جتنی ہوجائے گی۔ جس طرح تم میں سے کوئی اپنے چھوٹے سے بچھڑے کی پرورش کرتا ہے یہاں تک کہ وہ ایک بڑا جانور بن جاتا ہے۔ (بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقۃ من کسب طیب) آج جماعت میں ہم میں سے بہت سے ایسے ہیں جو اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ ان کے بزرگوں نے تکلیفیں اٹھا کر اپنی پاک کمائی میں سے جو قربانیاں کیں اللہ تعالیٰ نے ان کی نسلوں کے اموال و نفوس میں بے انتہاء برکت ڈالی۔''

(خطبہ جمعہ 9 جنوری 2004ء)




# کلام المہدی علیہ السلام

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”تمہارے لئے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خدا تعالیٰ سے بھی۔صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے اور اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خدا کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا کے لئے بعض حصہ مال کا چھوڑتا ہے وہ ضرور اسے پائے گا۔ لیکن جو شخص مال سے محبت کر کے خدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو بجالانی چاہئے تو وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔ یہ مت خیال کرو کہ مال تمہاری کوشش سے آتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اور یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجالا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کے لئے بلاتا ہے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر تم سب مجھے چھوڑ دو اور خدمت اور امداد سے پہلوتہی کرو تو وہ ایک قوم پیدا کر دے گا کہ اس کی خدمت بجالائے گی۔تم یقیناً سمجھو کہ یہ کام آسمان سے ہے اور تمہاری خدمت صرف تمہاری بھلائی کے لئے ہے۔ پس ایسا نہ ہو کہ تم دل میں تکبر کرو اور یہ خیال کرو کہ ہم خدمت مالی یا کسی قسم کی خدمت کرتے ہیں۔ میں بار بار تمہیں کہتا ہوں کہ خدا تمہاری خدمتوں کا ذرہ محتاج نہیں۔ ہاں تم پر یہ اس کا فضل ہے کہ تم کو خدمت کا موقعہ دیتا ہے۔“

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 497-498)

# کلام الامام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

”یہ زمانہ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا زمانہ ہے اس میں ایک جہاد مالی قربانیوں کا جہاد بھی ہے کیونکہ اس کے بغیر نہ اسلام کے دفاع میں لٹریچر شائع ہوسکتا ہے، نہ قرآن کریم کے مختلف زبانوں میں ترجمے ہو سکتے ہیں، نہ یہ ترجمے دنیا کے کونے کونے میں پہنچ سکتے ہیں۔ نہ مشن کھولے جا سکتے ہیں، نہ مربیان، مبلغین تیار ہو سکتے ہیں اور نہ مربیان، مبلغین جماعتوں میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔ نہ ہی مساجد تعمیر ہوسکتی ہیں۔ نہ ہی سکولوں، کالجوں کے ذریعہ سے غریب لوگوں تک تعلیم کی سہولتیں پہنچائی جا سکتی ہیں۔ نہ ہی ہسپتالوں کے ذریعہ سے دکھی انسانیت کی خدمت کی جا سکتی ہے۔ پس جب تک دنیا کے تمام کناروں تک اور ہر کنارے کے ہر شخص تک اسلام کا پیغام نہیں پہنچ جاتا اور جب تک غریب کی ضرورتوں کو مکمل طور پر پورا نہیں کیا جاتا اس وقت تک یہ مالی جہاد جاری رہنا ہے۔ اور اپنی اپنی گنجائش اور کشائش کے لحاظ سے ہر احمدی کا اس میں شامل ہونا فرض ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں غریب اپنی طاقت کے لحاظ سے خرچ کرتا تھا اور امیر اپنی وسعت کے لحاظ سے خرچ کرتا تھا۔ غریب صحابہ بھی بے چین رہتے تھے کہ کاش ہمارے پاس بھی مال ہو تو ہم بھی خرچ کریں۔ جب جہاد کے لئے جانے کے لئے، باوجود ان کی خواہش کے، مالی تنگی اور سامان کی کمی کی وجہ سے ان کو پیچھے رہنا پڑتا تھا تو ان کی آنکھیں آنسو بہاتی تھیں اور ان کے دل بے چین ہوتے تھے۔ اور یہ اتنی سچی بے چینی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے جو دلوں کا حال جاننے والا ہے اس نے بھی یہ گواہی دی کہ یہ بے چین دل اور آنسو بہاتی آنکھیں بناوٹ نہیں تھیں بلکہ حقیقت میں ان کی یہ کیفیت ہوتی تھی۔

اللہ کرے کہ آج ہماری قربانیوں کی تڑپ بھی اسی طرح سچی تڑپ ہو جس طرح پہلوں کی تھی۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے ساتھ ملاتے ہوئے پاک نمونے قائم کرنے کی توفیق دے۔“

(خطبہ جمعہ 31/ مارچ 2006ء مطبوعہ خطبات مسرور جلد چہارم صفحہ 171 - 172)

© www.pexels.com



# فارسی منظوم کلام

## حضرت مسیح موعود علیہ السلام

© www.pexels.com

**به دنیا کسے دل به بندد چرا**
**که ناگاه باید شدن زین سرا**
کوئی اس دنیا سے کیوں دل لگائے جبکہ اچانک ایک دن اس سرائے سے کوچ کرنا ہے

**سرانجام این خانه رنج ست و درد**
**به پیچش نیایند مردان مرد**
اس گھر کا انجام رنج و درد ہے۔ مرد لوگ اس کے داؤ میں نہیں آتے

**بدین گِل میالائے دل چون خسے**
**که عہدِ بقایش نماند بسے**
اس کیچڑ سے کمینوں کی طرح دل کو آلودہ نہ کر کہ اس کے ٹھہرنے کا زمانہ دیر تک نہیں رہتا

**زمان مکافات آید فراز**
**تو بر عیش دنیا بدین سان مناز**
جزا کا دن آرہا ہے۔ پس تو دنیا کی زندگی پر ناز نہ کر

**فریبی مخور از زر و سیم و مال**
**که ہر مال را آخر آید زوال**
سونے، چاندی اور مال سے دھوکہ نہ کھا کیونکہ آخر ہر مال پر زوال آجاتا ہے

**نه آورده ایم و نه با خود بریم**
**تہی آمدیم و تہی بگذریم**
نہ ہم کچھ ساتھ لائے اور نہ ساتھ لے جائیں گے خالی ہاتھ آئے تھے اور خالی ہاتھ چلے جائیں گے

**الا تا نه تابی سر از روئے دوست**
**جہانے نیرزد بیک موئے دوست**
خبردار! دوست کی طرف سے منہ نہ موڑ۔ سارا جہان دوست کے ایک بال کی برابری نہیں کرسکتا




# مبلغین احمدیت
## قسط دوم آخر

## حضرت مولانا غلام حسین ایاز صاحب۔ مبلغ سلسلہ سنگاپور

1934ء میں تحریک جدید کے اجراء کے بعد جب حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے بیرونی ممالک میں تبلیغ اسلام کی سکیم بنائی تو تحریک جدید کے ابتدائی مبلغین میں حضرت مولانا غلام حسین ایاز صاحب کا تقرر سنگاپور میں فرمایا۔

آپ کو سنگاپور آئے پانچ سال ہو گئے تھے کہ 1939ء میں دوسری جنگ عظیم کا آغاز ہوگیا اور جاپان نے چند مہینوں میں سنگاپور سمیت جزائر الشرق کے کئی علاقوں پر قبضہ کرلیا اور مصائب و شدائد کا ایک نیا دور شروع ہوگیا۔ آپ پر بھی جاپانیوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کے الزام میں بہت سی سختیاں کی گئیں۔ جاپانی فوجوں کے علاوہ شریر مخالفین نے بھی آپ پر مظالم ڈھائے اور کئی روز گھر میں بند کر کے خوراک اور دیگر ضروریات زندگی سے محروم رکھا۔ یہ عرصہ نہایت ہی کٹھن اور صبر آزما تھا لیکن آپ نے بفضلہٖ تعالیٰ نہایت صبر اور ہمت سے ان مصائب کا مقابلہ کیا۔شدید فاقوں اور سختیوں کی وجہ سے آپ کی صحت بہت گر گئی اور بیمار ہو گئے۔ ان پُرخطر حالات میں آپ کا مرکز سے رابطہ بھی ختم ہوگیا بلکہ جنگی حالات کی وجہ سے بیرونی رابطے کی کوئی صورت بھی باقی نہ رہی۔حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبہ جمعہ 20/مارچ 1942ء میں فرمایا:

”ہمارا ایک مبلغ سنگاپور میں تھا اور ہمارے آٹھ نو مبلغ سماٹرا اور جاوا میں تھے۔ اب سب کے متعلق جب تک جنگ کا خاتمہ نہ ہو جائے، ہمیں کچھ علم نہیں ہوسکتا کہ اُن کا کیا حال ہے۔“(الفضل 29/مارچ 1942ءصفحہ 1)

ایک سال بعد جولائی 1943ء کے پہلے عشرہ میں ریڈ کراس شملہ نے ریڈیو کا پیغام سنا اور اس کی اطلاع جماعت احمدیہ کو دی کہ مولوی غلام حسین ایاز مبلغ سنگاپور اور وہاں کے دوسرے احمدی صحیح سالم ہیں۔ (الفضل 13/جولائی 1943ء صفحہ 1)

ان خوف وخطر کے ایام میں بھی آپ کو اپنے سے زیادہ حضرت خلیفۃ المسیح کی خیر و عافیت کی فکر تھی چنانچہ بجائے اپنی حالت زار لکھنے کے آپ نے 16/اکتوبر 1945ء کو حضرت امیر المومنین کی خدمت میں بذریعہ تار لکھا: ”جماعت احمدیہ سنگاپور خیر و عافیت سے ہے، البتہ ہمیں حضور کی خیر و عافیت معلوم کرنے کی بہت فکر ہے۔ ہم سب حضور سے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔ ایاز۔“ (الفضل 19/اکتوبر 1945ءصفحہ 2)

آپ نے ان پُرخطر حالات میں بھی مضطرانہ دعاؤں کے ساتھ تبلیغ کا کام جاری رکھا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو دشمنوں کے ناکام رہنے اور آپ کے سرخرو ہونے کی بشارات بھی دیں۔حضرت ڈاکٹر حافظ بدر الدین احمد صاحب مبلغ بورنیو نے لکھا ہے: ”مجھے ایک مرتبہ بتایا تھا کہ انہی ناکامی کے دنوں میں دعاؤں کے بعد ایک روز یہ فقرہ زبان پر جاری ہوا تھا کہ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَكَ ۔ فرماتے تھے کہ قرآن کریم میں تو اَخْبَارَھَا ہے مگر یہاں اَخْبَارَكَ کہا گیا ہے جس سے اس عاجز کی تبلیغی کامیابی مراد تھی۔“ (الفضل 30/اکتوبر 1959ءصفحہ 3)

چنانچہ ایسا ہی ہوا، وہ شریر لوگ جو آپ کو بڑی بے رحمی سے زد و کوب کیا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ نے جاپانیوں کے ہاتھوں سب کو چن چن کر ٹھکانے لگا دیا اور آپ کی تبلیغ کے راستے صاف کر دیئے۔ اسی جنگی صورتحال میں اتحادی فوجیں سنگاپور اور ملایا کے دیگر علاقوں میں پہنچیں جن میں برٹش آرمی کے دستے بھی تھے، انڈیا سے جانے والے ان

فوجی دستوں میں احمدی احباب بھی شامل تھے۔ آپ جانتے تھے کہ ایک احمدی جہاں بھی ہو وہ ضرور احمدیہ سنٹر سے رابطہ رکھتا ہے پھر بھی آپ نے آسانی کی خاطر بذریعہ اخبار احمدیہ مسجد کا پتا درج کر کے باہر سے آنے والوں کو مشن ہاؤس آنے کی دعوت دی اور لکھا:

"All Ahmadis from overseas are cordially invited."

(اخبار The Straits Times میں چھپنے والا آپ کا اعلان)



ANJUMAN AHMADIYYAT QADIAN
111, Onan Road Geylang, Singapore.

All Ahmadis from overseas are cordially invited.
Maulvi Ghulam Hussain Ayaz.

ایک فوجی جنگی حالات کی دشواریوں سے اچھی طرح واقف ہوتا ہے۔ جب احمدی احباب آپ سے ملے تو وہ حیران ہو گئے کہ ان مشکل اور پُرفتن حالات میں آپ نے کیسے گزارا کیا۔ ایک احمدی دوست مکرم محمد نصیب عارف صاحب آف فیروز پور شہر نے اپنے ایک مضمون میں لکھا:

"سنگاپور کے مبلغ مولوی غلام حسین صاحب ایاز بھی ان پُر جوش مجاہدین میں سے ایک ہیں جن کا "قابل رشک اخلاص اور تبلیغی انہماک" ایک والہانہ رنگ رکھتا ہے... مارچ 1941ء میں جب یہ عاجز سنگاپور پہنچا تو چند دوستوں کے ساتھ دار التبلیغ میں گیا۔ مولوی صاحب نے اپنی تبلیغی مساعی کا ذکر جس رنگ میں کیا وہ انگشت بدنداں کر دینے والا تھا۔ کس طرح اُن کو احمدیت کی تبلیغ کے لیے تکالیف سہنی پڑیں... مولوی صاحب کا کئی کئی دن مکان کے اندر ہی بند رہنا اور خوراک و دیگر ضروریات کے لیے تنگ ہونا بہت تکالیف کا باعث ہوا... جناب مولوی صاحب نے اس عرصہ میں اپنی تبلیغ جاری رکھی اور جماعت کی تنظیم کا کام بھی کرتے رہے۔ سینکڑوں ملائی اس وقت احمدیت کی آغوش میں آ چکے ہیں۔ آپ کی انتھک کوششیں احمدیت کا نام محض خدا تعالیٰ کے فضل سے اور حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں کے طفیل پھیلا رہی ہیں۔ جناب مولوی صاحب کو ایک عرصہ گھر سے جدا ہوئے ہو گیا ہے مگر چلتے وقت جب ہم نے ان سے کہا کہ مولوی صاحب آپ بھی ہمارے ساتھ چلیں تو آپ نے فرمایا "حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی اجازت کے بغیر ایک قدم بھی یہاں سے ہلانا اپنے لیے معصیت سمجھتا ہوں۔"

آپ نے احمدی دوستوں کی واپسی پر انہیں اتنا بھی نہ کہا کہ میرا فلاں پیغام میرے گھر والوں کو پہنچا دینا بلکہ کہا تو یہ کہا کہ حضور ایدہ اللہ کو میرا سلام دینا اور یہاں کی میری تبلیغی مساعی کے لیے دعا کی درخواست کرنا۔" (الفضل 19/دسمبر 1945ء صفحہ 4،5)

ایک انڈین مسلمان دوست محترم محمد یونس فاروق صاحب جو اپنی فوجی ملازمت کے سلسلے میں سنگاپور بھیجے گئے تو حسن اتفاق سے وہ احمدیہ مسجد آئے اور مولانا ایاز صاحب کی تبلیغ اور حسن سلوک سے متأثر ہو کر دامن احمدیت سے وابستہ ہو گئے۔ انہوں نے واپس آ کر ایک تفصیلی خط حضرت مصلح موعودؓ کی خدمت میں لکھا جس میں لکھا:

"جناب مولوی غلام حسین صاحب ایاز مبلغ سنگاپور کی جدو جہد کا میرے دل پر بہت اثر ہوا۔ موصوف نے خدمت دین میں اتنی محنت اٹھائی ہے کہ قبل از وقت بوڑھے ہو گئے ہیں ... بیمار رہنے کے باوجود تبلیغی مصروفیت کا یہ عالم ہے کہ صبح چار بجے سے لے کر رات کے گیارہ بارہ بج جاتے ہیں، اس عرصہ میں موصوف کو گھڑی بھر کی بھی فرصت نہیں ملتی کہ ذرا آرام کر لیں۔ دن بھر کبھی تو سلسلہ کے لٹریچر کا ملائی زبان میں ترجمہ ہو رہا ہے، کبھی مضمون تیار ہو رہا ہے اس کے علاوہ دن بھر سوالات اور اعتراضات کرنے والوں کا تانتا بندھا رہتا ہے اور ان کو سمجھانے میں گھنٹوں مغزنی کرنی پڑتی ہے۔ ملایا کے احمدی بچوں کی تعلیم و تربیت بھی خود ہی کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ لوگوں کے گھروں میں جا کر بھی تبلیغ کی جاتی ہے ... مولوی صاحب کے جاپانی قبضہ کے زمانہ کے کارنامے معجزات سے کم نہیں۔" (الفضل 17/جون 1946ء صفحہ 4)

ایک اور احمدی دوست نے عید الاضحیٰ 1945ء کی تقریب کا احوال تحریر کر کے حضورؓ کی خدمت میں لکھا:

"مولوی غلام حسین صاحب ایاز مبلغ کے لیے بے اختیار دعا نکلتی تھی جن کی تبلیغی کوششوں کو خدا تعالیٰ نے کامیاب کیا اور یہ سعید روحیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں شامل ہوئیں ... مولوی صاحب نے تمام دوستوں کو دعوت طعام دی جس کا انتظام انہوں نے ایک احمدی ہوٹل والے کے ہاں پہلے سے کر رکھا تھا۔ دعوت کا بہت اچھا انتظام تھا ... پیارے آقا! مکرم مولوی صاحب کی صحت کے لیے دعا کی ضرورت ہے ... گذشتہ سالوں میں جاپان کی حکومت ... کی وجہ سے مولوی صاحب پر بہت سختیاں کی گئیں اور خوراک کی خرابی کی وجہ سے صحت بہت گر گئی تھی۔ مگر بفضل خدا گذشتہ دو ماہ میں صحت نے کافی ترقی کی ہے۔" (الفضل 23/نومبر 1945ء صفحہ 5)

آپ کے صبر، حوصلہ، قناعت اور استقلال کے متعلق جہاں اپنوں نے خراج تحسین پیش کیا وہاں غیر از جماعت دوستوں نے بھی اس کی گواہی دی۔ پاکستان کے نامور شاعر جناب سید ضمیر حسین جعفری بھی 1945ء میں اتحادی فوجوں کے ساتھ سنگاپور جانے

والوں میں شامل تھے، انہوں نے بھی محترم مولانا ایاز صاحب کو بہت قریب سے دیکھا، 1948ء میں وہ واپس پاکستان آئے تو آتے ہی ایڈیٹر الفضل کے نام ایک ہمدردانہ خط لکھا جس میں لکھا:

’’میں حال ہی میں مشرق بعید سے آیا ہوں۔ اس دوران میں کافی عرصہ تک سنگاپور میں بھی مقیم رہا جہاں آپ کے مشن کی سرگرمیوں کا قریب سے مطالعہ کرنے کا موقعہ ملتا رہا... جہاں تک مولوی غلام حسین ایاز صاحب کی ذات کا تعلق ہے ان کے خلاف میں ایک بات بھی نہیں کہہ سکتا۔ اپنے منصب کو وہ انتہائی ایثار و خلوص اور خاصے سلیقہ کے ساتھ انجام دے رہے ہیں بلکہ جن دشواریوں اور نامساعد حالات میں سے وہ گزر رہے تھے اگر اس پر غور کیا جائے تو ان کے استقلال، حوصلہ اور ہمت پر حیرت ہوتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ وہ اس کام کو ایک فریضۂ ایمانی سمجھ کر کر رہے ہیں... مجھے یہ دیکھ کر بڑی تکلیف ہوئی تھی کہ ملایا میں کام کرنے والے آپ کے مبلغین کافی عسرت و تنگدستی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔

جہاں تک ان کی ذات کا تعلق ہے وہ اس قربانی کے لیے ہمارے زیادہ سے زیادہ احترام کے مستحق ہیں ان کی یہ ایثار پیشگی یقیناً دوسروں کے لیے قابل تقلید ہے...ضمناً میں یہاں ایک ذاتی تأثر کا ذکر کروں... بیرون ملک جانے سے پیشتر احمدیت کے متعلق کوئی خیال آتے ہی میں اکثر سوچا کرتا تھا کہ ان کے مبلغین کے لیے تو مزے ہی مزے ہیں، دیس دیس کی سیر اور فارغ بالی کی زندگی۔ آدمی کو یہ دو چیزیں مل جائیں تو اور کیا چاہیے مگر ملایا میں مولوی غلام حسین ایاز کو دیکھ کر میری اس خوش فہمی کو سخت دھکا لگا ہے۔ میں نے دیکھا کہ یہ لوگ خاص محنت و مشقت کی زندگی گزار رہے تھے...‘‘ (الفضل 2/ جولائی 1948ء صفحہ 4)

سنگاپور میں آپ کی بے لوث قربانیوں کا آنکھوں دیکھا حال بعض دیگر دوستوں نے بھی لکھا ہے۔ بہر کیف اللہ تعالیٰ نے خلیفۃ المسیح کی دعاؤں کے طفیل آپ کے ذریعہ سنگاپور میں ایک مضبوط جماعت قائم کر دی۔ آپ وقتاً فوقتاً بیعتوں کی اطلاع حضور انور کی خدمت میں بھجواتے رہتے۔ ایک جگہ لکھا ہے:

’’مکرم مولوی غلام حسین صاحب ایاز نے اپنی تازہ رپورٹ میں سنگاپور سے 22 نو مبائعین کی لسٹ بھجوائی ہے۔‘‘ (الفضل 3/ اپریل 1947ء صفحہ 5)

اسی طرح اخبار الفضل 16/ مئی 1946ء صفحہ 2 پر آپ کی طرف سے بیعتوں کا اعلان یوں درج ہے:



## سنگاپور میں تبلیغ احمدیت کی شاندار فتح

### ستائیس اصحاب کی بیعت کا اعلان

سنگاپور ملایا میں مکرم جناب مولوی غلام حسین صاحب ایاز مجاہد احمدیت کے ذریعہ ستائیس اصحاب نے بیعت کی ہے۔ فہرست نومبائعین درج ذیل کی جاتی ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کہ خدا تعالیٰ نے احمدیت کی ترقی کے لئے ان مقامات پر کس طرح دروازے کھول دئے ہیں۔ جہاں احمدیت کا ذکر سننا بھی کوئی پسند نہ کرتا تھا۔ اور ایسی صورت میں احمدی نوجوانوں کو میدانِ تبلیغ میں داخل ہونا کس قدر ضروری ہے۔ احباب جماعت دعا فرمائیں۔ کہ خدا تعالیٰ مکرم مولوی صاحب کو بیش از پیش کامیابی عطا کرے۔ نومبائعین کے نام حسب ذیل ہیں:۔

(۱) نظام الدین صاحب۔
(۲) محترمہ فاطمہ صاحبہ۔
(۳) این۔ بی جمال دین صاحب
(۴) محترمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ
(۵) عبد الغفور صاحب
(۶) احمدؐ نبی صاحب
(۷) الیس عدنان صاحب
(۸) محمدؐ بخش صاحب
(۹) محمدؐ یوسف صاحب
(۱۰) محمدؐ ارشد صاحب۔
(۱۱) مصطفٰے صاحب۔
(۱۲) عبد الغنی صاحب۔
(۱۳) محمدؐ یونس فاروق صاحب
(۱۴) حاجی عبد اللہ صاحب۔
(۱۵) محمدؐ اسماعیل صاحب۔
(۱۶) عبد الحلیم صاحب۔
(۱۷) محمدؐ نور صاحب۔
(۱۸) حسن بن حاجی محمدؐ نور صاحب
(۱۹) وارث محمدؐ صاحب۔
(۲۰) سلیمان بن یوسف صاحب۔
(۲۱) حاجی صالح بن حاجی محمدؐ نور صاحب
(۲۲) عباس بن یاسین صاحب
(۲۳) صالح بن احمدؐ صاحب
(۲۴) حاجی جعفر بن حاجی مصطفٰے صاحب
(۲۵) شفیع بن حاجی طاہر صاحب
(۲۶) یاسین بن حاجی محمدؐ نور صاحب
(۲۷) احمد بن الانگ صاحب

’’ایسے علاقوں میں بھی احمدیت پھیلنی شروع ہوگئی ہے جہاں پہلے باوجود کوشش کے ہمیں کامیابی نہیں ہوئی تھی۔ ملایا میں یا تو یہ حالت تھی کہ مولوی غلام حسین صاحب ایاز کو ایک دفعہ لوگوں نے رات کو مار مار کر گلی میں پھینک دیا اور کُتے ان کو چاٹتے رہے اور یا اَب جو لوگ ملایا سے واپس آئے ہیں انہوں نے بتایا ہے کہ اچھے اچھے مال دار ہوٹلوں کے مالک، معزز طبقہ کے ستّر اسّی کے قریب دوست احمدی ہو چکے ہیں اور یہ سلسلہ روز بروز ترقی کر رہا ہے۔‘‘ (الفضل 22/ جنوری 1960ء صفحہ 13)

اکتوبر 1947ء میں انڈونیشیا کے وزیر امور خارجہ Agus Salim اپنے ایک دورہ سے واپس انڈونیشیا جاتے ہوئے چند روز کے لیے سنگاپور میں بھی ٹھہرے۔ محترم غلام حسین ایاز صاحب نے بذریعہ ٹیلیفون بتایا کہ میں جماعت احمدیہ کا مبلغ ہوں اور آپ سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ وزیر نے شام کو آنے کا کہا اور آپ مکرم میاں عبدالحی صاحب کو ساتھ لے کر ان کی ملاقات کے لیے گئے اور خلیفۃ المسیح کی انڈونیشیا کے لیے محبت کا ذکر فرمایا اور دیگر امور پر تفصیلی بات کی۔ (الفضل 8/ نومبر 1947ء صفحہ 3)

محترم مولانا ایاز صاحب کی سنگاپور تقرری کے دوران دیگر مبلغین بھی مختلف وقتوں میں سنگاپور آئے جن میں سے بعض کی تعیناتی آگے انڈونیشیا ہوگئی اور بعض سنگاپور اور ملائیشیا میں خدمات سرانجام دیتے رہے۔ سنگاپور میں احمدیہ دار التبلیغ کے قیام سے نہ صرف معاندین کے پھیلائے ہوئے پروپیگنڈے سے لوگوں کے احمدیت کے متعلق ذہن

صاف ہوئے بلکہ ایک مخلص جماعت قائم ہوگئی۔ 1953ء میں امریکہ میں اسلامی کلچر اور عصرِ حاضر کے موضوع پر ایک کانفرنس ہوئی جس میں ملایا علاقوں میں احمدیت کے متعلق اس بات کا اظہار کیا گیا:

"Thirty years ago the doctrine of the Ahmadiyyah Movement in India were first discussed and condemned in the Malay press. Now educated Muslims in Malaya are becoming less intolerant to the more sober views and interpretations which the moderate Ahmadis are putting forward. They take the ideas, but shun the name "Ahmadi". (Colloquium on Islamic Culture in Its Relation to the Contemporary World, September, 1953 page 50)

ترجمہ: ملایا کے پریس میں سب سے پہلے جماعت احمدیہ کے اصول و عقائد تیس سال قبل زیر بحث آئے اور ان کی مذمت کی گئی لیکن اب ملایا کے پڑھے لکھے مسلمان ان سنجیدہ نظریات اور توضیحات سے کم تعصب رکھتے ہیں جو اعتدال پسند احمدیوں کی طرف سے پیش کیے جاتے ہیں اور گو کہ وہ احمدیوں کے خیالات اور نظریات کو اپنا رہے ہیں لیکن ''احمدی'' نام اپنانے سے گریز کرتے ہیں۔

محترم مولانا غلام حسین ایاز صاحب قادیان روانگی کے پندرہ سال بعد 24/نومبر 1950ء کو ربوہ تشریف لائے۔ پاکستان آنے کے بعد آپ نے کوئٹہ اور ضلع تھرپارکر میں بھی بطور مربی سلسلہ خدمات سرانجام دیں۔ اس کے بعد 8/اکتوبر 1956ء کو آپ دوبارہ تبلیغ اسلام کے لیے سنگاپور روانہ ہوئے۔ اس مرتبہ آپ کے اہل و عیال بھی آپ کے ساتھ تھے۔ کچھ عرصہ سنگاپور میں مقیم رہنے کے بعد آپ کی تعیناتی بورنیو (Borneo) میں ہوئی۔ بورنیو آنے کے بعد آپ کی ذیابیطس کی بیماری اور بڑھ گئی اور


سلسلہ احمدیہ کے فدائی اور جان نثار خادم
محترم مولانا غلام حسین صاحب ایاز بورنیو میں وفات پاگئے
انا للہ و انا الیہ راجعون

آپ نے 17،18 اکتوبر 1959ء کی درمیانی شب بورنیو کے علاقہ Labuan میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ اناللہ و انا الیہ راجعون۔

آپ کی اہلیہ کا نام محترمہ امۃ الرفیق صاحبہ تھا۔ اولاد میں ایک بیٹا اور دو بیٹیاں تھیں۔ بڑی بیٹی مکرم عبداللطیف ستکوہی صاحب آف لاہور سے بیاہی ہوئی تھیں۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ وَارْفَعْ دَرَجَاتِہٖ۔

---

حضرت مرزا مسرور احمد، خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 10/ دسمبر 2010ء میں فرماتے ہیں:۔

''حضرت امام حسینؓ کا ایک مقصد تھا۔ آپ حکومت نہیں چاہتے تھے۔ آپ حق کو قائم کرنا چاہتے تھے اور وہ آپ نے کر دیا۔ حضرت مصلح موعودؓ نے اس کی بڑی اعلیٰ تشریح فرمائی ہے کہ وہ اصول جس کی تائید میں حضرت امام حسین کھڑے ہوئے تھے یعنی انتخابِ خلافت کا حق اہلِ ملک کو ہے، جماعت کو ہے۔ کوئی بیٹا اپنے باپ کے بعد بطور وراثت اس حق پر قابض نہیں ہوسکتا۔ فرمایا کہ یہ اصول آج بھی ویسا ہی مقدس ہے جیسا کہ پہلے تھا بلکہ حضرت امام حسین کی شہادت نے اس حق کو اور بھی نمایاں کر دیا ہے۔ پس کامیاب حضرت امام حسین ہوئے نہ کہ یزید۔ (ماخوذ از 'کامیابی'۔ انوار العلوم جلد 10 صفحہ 589)

اور پھر قدرت کا ایک اور طریقے سے انتقام دیکھیں کہ کیسا بھیانک انتقام ہے۔ اس کے بارے میں بھی حضرت مصلح موعودؓ نے اپنی کتاب 'خلافتِ راشدہ' میں ایک واقعہ کا ذکر کیا کہ تاریخ میں لکھا ہے کہ یزید کے مرنے کے بعد جب اس کا بیٹا تخت نشین ہوا، جس کا نام بھی اپنے دادا کے نام پر معاویہ ہی تھا تو لوگوں سے بیعت لینے کے بعد وہ اپنے گھر چلا گیا اور چالیس دن تک باہر نہیں نکلا۔ پھر ایک دن وہ باہر آیا اور منبر پر کھڑے ہو کر لوگوں سے کہنے لگا کہ میں نے تم سے اپنے ہاتھ پر بیعت لی ہے مگر اس لئے نہیں کہ میں اپنے آپ کو تم سے بیعت لینے کا اہل سمجھتا ہوں بلکہ اس لئے کہ مَیں چاہتا تھا کہ تم میں تفرقہ پیدا نہ ہو اور اس وقت سے لے کر اب تک مَیں گھر میں یہی سوچتا رہا کہ اگر تم میں کوئی شخص لوگوں سے بیعت لینے کا اہل ہو تو مَیں یہ اَمارت اس کے سپرد کر دوں اور خود بری الذمہ ہو جاؤں مگر باوجود غور کرنے کے مجھے تم میں سے کوئی ایسا آدمی نظر نہیں آیا۔ اس لئے اے لوگو! یہ اچھی طرح سُن لو کہ میں اس منصب کا اہل نہیں ہوں اور مَیں یہ بھی کہہ دینا چاہتا ہوں کہ میرا باپ اور میرا دادا بھی اس منصب کے اہل نہیں تھے۔ میرا باپ حسینؓ سے درجہ میں بہت کم تھا اور اُس کا باپ حسن حسینؓ کے باپ سے کم درجہ رکھتا تھا۔ علیؓ اپنے وقت میں خلافت کا زیادہ حق دار تھا اور اس کے بعد بہ نسبت میرے دادا اور باپ کے حسن اور حسین خلافت کے زیادہ حقدار تھے۔ اس لئے میں اس امارت سے سبکدوش ہوتا ہوں۔ (خلافت راشدہ، انوار العلوم جلد 15 صفحہ 557-558)

اب دیکھیں، کس طرح بیٹے نے یہ باتیں کہہ کر اپنے باپ دادا کے منہ پر طمانچہ مارا ہے۔ اس لئے کہ خوفِ خدا تھا۔ اس لئے کہ اس میں تقویٰ کی کچھ رمق تھی۔ دنیا داروں کے ہاں بھی نیک اولاد اور حقیقت پسند اولاد، انصاف سے کام لینے والی اولاد پیدا ہوتی ہے۔ بہرحال پھر یہ کہا کہ اب یہ تمہاری مرضی پر منحصر ہے کہ جس کی چاہو بیعت کرلو۔''



© https://unsplash.com/

# سید القوم خادمھم

(ڈاکٹر بشارت الٰہی جمیل ناظم اشاعت ٹورانٹو ویسٹ)

دین اسلام بنیادی طور پر ایک فعال اور فلاحی ریاست کے تصور اور قیام کی بھر پور حمایت کرتا ہے۔ دراصل اسلام سلامتی کا مظہر ہے اور بالخصوص اسلامی ریاست کے اندر حکومتی بنیادی ڈھانچے کو امن، بھائی چارہ، برابری اور انصاف کی کسوٹی پر پرکھتا ہے۔ بلاشبہ اسلامی اور غیر اسلامی ریاستوں میں نظام حکومت اور حکمران کا انداز فکر اور فہم و فراست ریاست کے باہمی معاشی، معاشرتی اور ریاستی سیاسی معاملات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس سے نظام ریاست میں حکمران، قائد، رہنما یا لیڈر کی ذمہ داریوں اور مقام کا ہی نہیں بلکہ دیگر عمائدین ریاست کی حیثیت و اہمیت و مقام کا بھی اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ صاحب فہم اور بڑی عمر والے افراد مجھ سے قریب رہا کریں، ایک اور روایت میں ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جب کسی حاکم کی بہتری چاہتا ہے تو اسے سچا خیر خواہ وزیر اور مشیر عطا فرماتا ہے، اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قائد کے ساتھ تجربہ کار سیاسی اور حکومتی رفقا کی رہنمائی اور تجربہ بلاشبہ ریاستی انصرام کو تقویت ہی نہیں دیتے بلکہ اسکا اہم ستون بھی ہیں جسکا عملی نمونہ کل عالم پہلی اسلامی ریاست یعنی مدینہ میں دیکھ چکا ہے۔

